# 10824- عورت کے لیے مردوں جیسے جوتے سے مشابہ جوتا پہننا جائز نہیں

## سوال

ان آخری ایام میں عورتوں کے ایسے جوتے مارکیٹ میں آئے ہیں جو آگے سے مردوں کے جوتوں انگوٹھے والے جوتے سے مشابہ اور پیچھے سے اور نیچے سے عورتوں کے جوتوں جیسا ہے، توکیا یہ جوتے خریدنے اور پہننے جائز ہیں ؟

## پسندیدہ جواب

اگر یہ جوتے ظاہری طور پر مردوں کے
جوتوں سے مشابہ ہوں، یعنی اگر کوئی انسان یہ جوتا دیکھے تو یہ گمان کرے کہ یہ مرد
کا جوتا ہے، ت وان جوتوں کا عورت کے لیے پہننا جائز نہیں.

جس طرح اگر کوئی شخص ایسا جوتا پائے
جو ظاہری طور پر عورتوں کے جوتوں سے مشابہ ہو، اور اس کا نچلا حصہ اور اس کی ایڑی
مردوں کے جوتے جیسی ہو تو یہ جوتا مرد کے لیے پہننا جائز نہیں، کیونکہ معتر ظاہر
ہے.

اس لیے میری اپنی بہنوں کو نصیحت ہے
کہ وہ یہ جوتے نہ پہنیں کیونکہ معاملہ بہت خطرناک ہے، صحیح حدیث میں نبی کریم صلی
اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ :

"آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں
سے مشابہت کرنے والے مردوں اور عورتوں سے مشابہت کرنے والے مردوں پر لعنت فرمائی ہے
".